حکومتِ پاکستان

(ریونیو ڈویژن)

فیڈرل بورڈآف ریونیو

اسلام آباد، 11مئی، 2026ء۔

نوٹیفکیشن

(انکم ٹیکس)

SRO 856(1)/2026۔انکم ٹیکس قواعد، 2002میں بعض مزید ترامیم کا درج ذیل مسودہ، جسے فیڈرل بورڈآف ریونیو، انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (2001کاXLIX) کی دفعہ 237کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت عطا کردہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے بنانے کی تجویز رکھتا ہے، اس کے ذریعے ان تمام افراد کی معلومات کے لیے شائع کیا جاتا ہے جو اس سے متاثر ہونے کا امکان رکھتے ہیں، اور مذکورہ دفعہ 237کی ذیلی دفعہ (3) کے تقاضے کے مطابق اس ذریعے سے اطلاع دی جاتی ہے کہ اس بارے میں اعتراضات یا تجاویز، اگر کوئی ہوں، بورڈ کے غور و فکر کے لیے اس نوٹیفکیشن کی سرکاری گزٹ میں اشاعت کے سات دن کے اندر ارسال کی جاسکتی ہیں۔ مذکورہ مدت کے اختتام سے قبل موصول ہونے والے اعتراضات یا تجاویز، اگر کوئی ہوں، فیڈرل بورڈآف ریونیو کی جانب سے زیر غور لائے جائیں گے، یعنی:-

مذکورہ قواعد میں، قاعدہ 808میں:-

(i)ذیلی قاعدہ (1) میں، شق (a) کے لیے درج ذیل کو متبادل قرار دیا جائے گا، یعنی:-

"(a)CNIC، NICOP، POC یا غیر ملکی پاسپورٹ کا نمبر؛"؛ اور

(ii)ذیلی قاعدہ (5) کے بعد درج ذیل نیا ذیلی قاعدہ شامل کیا جائے گا، یعنی:-

"(6) ذیلی قواعد (3) اور (4) میں موجود کسی بھی بات کے باوجود، ایک بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیم INGO جسے قاعدہ 80کے ذیلی قواعد (3) اور (6) کے تحت رجسٹر ہونا لازم ہو، فراہم کرے گی"۔

(a) ٹیکس دہندہ کا نام؛

(b)کاروباری پتہ؛

(c)حساب کی مدت؛

(d)کاروبار کا فون نمبر؛

(e)بنیادی کاروباری سرگرمی؛

(f) کمپنی کے پرنسپل آفیسر یا مجاز نمائندے کا نام اور پتہ؛

(g)پاکستان میں رجسٹریشن کے لیے درخواست دینے کی غرض سے کمپنی کے پرنسپل آفیسر یا مجاز نمائندے کی تقرری کا اتھارٹی لیٹر؛

(h) کمپنی کے پرنسپل آفیسر یا مجاز نمائندے کا موبائل فون نمبر؛

(i) کمپنی کے پرنسپل آفیسر یا مجاز نمائندے کا ای میل پتہ؛

(j)متعلقہ غیر ملکی ملک کے ریگولیٹری حکام کی جانب سے جاری کردہ ٹیکس رجسٹریشن یا Incorporation دستاویز؛

(k)متعلقہ سفارت خانے کی جانب سے جاری کردہ خط جس میں بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیم INGO کی اسناد کی تصدیق کی گئی ہو؛

(l)مقامی رہائش کا ثبوت (کرایہ/لیز معاہدہ اور بجلی کا بل وغیرہ) بمع مکمل پتہ اور ٹیلی فون نمبرز؛

(m)وزارتِ داخلہ کی جانب سے جاری کردہ عدم اعتراض سرٹیفکیٹ (NOC) ؛

(m)وزارتِ داخلہ وانسدادِ منشیات کنٹرول کی جانب سے جاری کردہ عدم اعتراض سرٹیفکیٹ (NOC) ؛

(n)حکومتِ پاکستان اور INGO کے درمیان دستخط شدہ مفاہمتی یادداشت (MoU) ؛اور

(o) کمپنی کی صورت میں ڈائریکٹرز یا ٹرسٹیز اور ایسے بڑے شیئر ہولڈر جو 10% یا اس سے زیادہ حصص رکھتے ہوں، یا ایسوسی ایشن آف پرسنز AOP کی صورت میں شراکت داروں کی درج ذیل تفصیلات، یعنی:-

(i)نام؛

(ii)قومیت؛

(iii)پاسپورٹ؛اور

(iv)حصص کا تناسب۔"۔

[F No. 1(10)R&S/2026]

(محمد امین قریشی)

سیکریٹری (قواعد و ایس آر اوز)